Posted On Kitab Nagri




کتاب نگری

www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اسلام علیکم !

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

Posted On Kitab Nagri

# ڈیتھ پارٹی

## فراز احمد

منیسوٹا

امریکا

براؤن کاؤنٹی شیرف آفس

انسپکٹر بروس اپنے کمرے میں ڈیوٹی پر پہنچا ہی تھا کہ اسے اطلاع ملی کہ ایک 69 سالہ لیڈی ڈیبرا جانسن کی لاش پائی گئی ہے،اورا ابھی ابھی نیوالم کے علاقہ سے اس کے شوہر آرڈن جانسن کی کال پولیس کو موصول ہوئی تھی، جب انسپکٹر بروس کو شیروف نے یہ کیس ہینڈل کرنے کو کہا تو فوراً ہی جائے وقوع پر جا پہنچا، جیسے ہی اس نے اپنی کار جانسن کے گھر کے پاس روکی،اسے جانسن کے گھر کے دروازے پر سرخ پینٹ سے دروازہ پر موت کا پردہ اور ہیل کے الفاظ لکھے صاف نظر آئے،وہ اپنی کار سے اترا اور گھر کی گھنٹی بجائی،کچھ دیر میں ایک شخص نے جس کی عمر ستر سال تھی دروازہ کھولا وہ مکمل برہنہ تھا،دروازہ کھول کر وہ فوراً اندر بھاگ گیا،انسپکٹر بروس تیزی سے گھر میں داخل ہوا اور باتھ روم کی جانب بڑھا،جہاں سے اسے آوازیں سنائی دے رہی تھیں،اس نے باتھ روم کا دروازہ

www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

کھولا تو دیکھا کہ جانسن باتھ ٹب میں چھوٹی سفید اور کالی چیزوں کی صفائی میں مصروف تھا جو کہ اس کی جلد پر موجود تھیں، اسی وقت دیگر میڈیکل عملہ وہاں پہنچ گیا، انسپکٹر بروس اب دوسری جانب بڑھا جہاں سیڑیوں کے اوپری حصے پر ایک عورت کی عریاں لاش پڑی تھی، جب میڈیل ٹیم نے اسے چیک کیا تو وہ ابھی تک گرم تھی، جسے ضروری کارروائی کے بعد فوراً چادر مین لپیٹ دیا گیا، جانسن کو دیگر پولیس اہلکاروں نے اسی وقت گرفتار کر لیا اور اسے صوفہ پر بٹھا دیا گیا، ہاں بتاو، یہ سب کیا ہے، جانسن، انسپکٹر بروس نے اس کے سامنے بیٹھتے ہوئے کہا، میری بیوی صبح آٹھ بجے کے قریب ملی، اور میں نے اس کے مرنے کا اطمینان ہونے کے بعد ہی پولیس کو کال کیا، جانسن نے سکون بھرے لہجے میں کہا، عجب لہجہ تھا، اس جانسن کا، انسپکٹر بروس نے سوچا، پھر اس نے مزید تفتیش کرنے کا فیصلہ کیا، اور عملہ کو لاش پوسٹ مارٹم کے لیے بھیجنے کی ہدایت کی۔

انسپکٹر بروس ابھی ابھی نیشنل میڈیل سینٹر سے نکلا، جہاں وہ جانسن کی بیوی کے قتل کی تفتیش کر رہا تھا، اسے یہاں آکر خبر ملی کہ ڈیبرا یہاں کافی وقت سے رہائش پذیر تھی، مگر ابھی کچھ دن قبل ہی جانسن نے اسے گھر واپس منتقل کرایا تھا، اسے یہ بھی پتہ چلا کہ ڈیبرا کو دل کے دو دورے بھی پڑ چکے تھے، شوگر اور بلڈ پریشر بھی تھا، اس کا ذہنی علاج بھی ہو رہا تھا۔ انسپکٹر بروس اپنی کار میں بیٹھا، ایک سگریٹ جلائی اور پانی کی بوتل سے ایک گھونٹ لینے کے بعد واپس جانسن سے ملنے کا فیصلہ کیا کہ وہ کیوں اپنی بیوی کو گھر لے آیا تھا، اس نے اپنی کار پولیس اسٹیشن موڑ دی، جہاں جانسن کو رکھا گیا تھا،

میری بیوی کی خواہش تھی کہ وہ اپنے گھر میں ہی مرے، اور اس سے قبل گھر میں ایک ڈیتھ پارٹی رکھی جائے، کیا، انسپکٹر بروس، جانسن کی چونکا، پھر بولا، آگے بڑھو، وہ چاہتی تھی کہ ڈیتھ پارٹی میں اس کے پسند کے گانے کوئٹ رائٹ" پلے کیا جائے، اسی وقت انسپکٹر بروس کو کال آئی، اس نے موبائل آن کیا پھر ہوں کہہ کر فون

Posted On Kitab Nagri

آف کر دیا،اچھا پھر، لیکن رکو جانسن یہ بتاو، کہ ہمیں تمہارے گھر سے 47 چوری شدہ بندوقیں تھیں،اور سیکڑوں راؤنڈ گولہ بارود بھی ملا ہے، یہ سب کیا کہاں سے آیا،وہ میرا ماضی تھا،جانسن نے کہا پھر انسپکٹر بروس کو دیکھنے لگا،جو اسے اس طرح دیکھ رہا تھا جیسا کہ اس کا دماغ پڑھنے کی کوشش کر رہا ہو،او کے وہ بعد مین بات کریں گے، یہ بتاو، کہ ڈیبرا کی لاش عریاں حالت میں کیوں تھی،جب میں وہاں پہنچا، تم بھی عریاں تھے،جو گیٹ کھول کر باتھ روم کی جانب بھاگ پڑے تھے،ڈیبرا اور میں نے موت سے دو گھنٹے قبل جنسی تعلقات قائم کیے۔کیونکہ وہ ڈیتھ پارٹی تھی،ذرا تفصیل سے بتاو،ڈیتھ پارٹی کیا ہے، یہ چکر، ہم نے اس رات ڈیتھ پارٹی کا انتظام کیا تھا، جس میں، میں نے اس کی پسند کا گانا پلے کیا،گھر کے لاونج میں آگ روشن کی، پھر اس کے گر برہنہ رقص کیا،خوب شراب پی، پھر میں نے اسے مار ڈالا، کیونکہ یہ ہی ڈیبرا کی آخری خواہش تھی، مگر کوئی کیسے آرام سے خود کو مارنے دے سکتا ہے،انسپکٹر بروس نے کہا،اور وہ کالے نشانات کیا تھے جو تم اپنے جسم سے دھو رہے تھے،وہ راکھ تھی، آگ کی راکھ، جسے میں نے ڈیبرا کے منہ میں بھر کر اسے مارا، پھر جب وہ مر گئی،تو میں اپنا جسم دھو ہی رہا تھا کہ تم گھر پہنچ گئے، مجھے کوئی پچھتاوا نہیں،میں نے ڈیبرا کی آخری خواہش پوری کی ہے،جانسن نے کہا،اور خاموش ہو گیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

انسپکٹر جانسن نے ملنے والے اسلحہ کے بارے میں مزید تفتیش کا دائرہ پھیلایا،تو پتہ چلا کہ جانسن کسی زمانے میں چور تھا،اور وہ اسلحہ چوری کیا کرتا تھا۔جب عدالت میں یہ کیس پہنچا،جج کے سامنے بھی جانسن نے اقرار کیا کہ اسی نے ڈیبرا کو مارا ہے اور اس نے اپنی بیوی کی آخری خواہش پوری کی ہے۔عدالت نے یہ کیس سنا اور اگلے ہفتہ کی تاریخ رکھ دی۔

Posted On Kitab Nagri

انسپکٹر بروس مزید تحقیقات میں لگا رہا، جانسن کے ماضی کو کریدتا رہا کہ اس خبر ملی کہ دو سال قبل ڈکوٹا میں بھی ایسا ہی واقعہ رونما ہو چکا ہے، جب اس نے ڈکوٹا کے مقامی پولیس اسٹیشن میں مزید انکوائری کرائی تو پتہ چلا کہ دو سال قبل ایک گھر سے پولیس کو دو برہنہ لاشیں ملیں جو گھر میں تقریبا ایک سال سے سڑ رہی تھیں، انسپکٹر بروس نے جانسن کی تصاویر ڈکوٹا ارسال کر دیں، جس کے فورا بعد اسے جواب موصول ہوا کہ گھر سے ملنے والی لاشیں ایک مرد اور ایک عورت کی تھیں، جن میں عورت کی عمر ساٹھ سال، اور مرد کی عمر تیس سال ہیں، جب کہ گھر میں رہنے والا ایک شخص پراسرار طور پر غائب ہو چکا ہے، مزید یہ غائب ہونے والا شخص جانسن ہی تھا، جس نے اپنی ماں اور بھائی کو قتل کر کے ان کی لاشیں گھر میں بیڈ کے نیچے ڈال دی تھیں اور خود غائب ہو گیا تھا، انسپکٹر بروس نے یہ ساری تفصیلات اکھٹا کیں پھر وہ دوبارہ پولیس اا سٹیشن روانہ ہو گیا جہاں جانسن کو رکھا گیا تھا، جانسن کو اس کے سامنے کمرے میں لایا گیا، انسپکٹر جانسن نے اس کے سامنے کرسی پر بیٹھا اور ساری تصیلات اس کے سامنے میز پر رکھ دیں، اب کیا کہتے ہو، جانسن، میں نے اپنی ماں کو مرتے دیکھا، بھائی کو مرتے دیکھا، اور پھر وہ ہی کیا جو وہ چاہتے تھے، میں نے ان کے لیے بھی ڈیتھ پارٹی رکھی، انہیں مار ڈالا، میں اور کیا کرتا، میں ان کی آخری خواہشیں پوری کرتا رہا، انسپکٹر بروس نے یہ سب سن کر طویل سانس لیا اور کمرے سے نکل آیا، وہ سوچ رہا تھا کہ کیسے کیسے عجیب لوگ ہیں، آخری خواہش پوری کرنے کے چکر میں ڈیتھ پارٹیاں ارینج کرتے ہیں، پھر قتل کرتے ہوئے ذرا بھی نہیں ہچکچاتے۔ اب اس کے پاس کیس مکمل تیار تھا، باہر نکل کر انسپکٹر بروس اپنی کار میں بیٹھا اور گھر کی جانب روانہ ہو گیا، تاکہ اگلے روز کیس تیار کر کے عدالت کے سامنے رکھ سکے، اسے یقین تھا کہ جانسن کو موت کی سزا سنائی جائے گی، جیسے ہی وہ گھر پہنچا، اسکی بیوی تیار کھڑی تھی، کہاں کی تیاری ہے، ایک جگہ جا رہی ہوں، کہاں، مگر وہ گھر میں داخل ہوا، ایک دعوت نامہ ملا ہے، میری دوست کی جانب سے، اس کی بیوی نے ہنستے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

ہوئے کہا، پارٹی ہے، رات بھر کی، صبح ملاقات ہو گی، تم فریج سے کھانا نکال کر کھا لینا، اور ہاں میں اپنا فون بند کر رہی ہوں، ہاں پارٹی میں فون سننے کی اجازت نہیں ہے، یہ کہہ کر اس کی بیوی تیزی سے اپنی کار میں بیٹھی اور نکل گئی، انسپکٹر بروس کا تھکن کے مارے برا حال تھا، وہ تھکے تھکے انداز میں کرسی پر بیٹھا ہی تھا کہ اس کی نظر ڈائننگ میز پر پڑی جہاں ایک کارڈ موجود تھا، اس نے بے خیالی میں وہ کارڈ اٹھایا اور پڑھنے لگا، جس پر واضح لفظوں میں تحریر تھا، ڈیتھ پارٹی۔

ختم شدہ

Posted On Kitab Nagri

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595